# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 04 August-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آ کاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: 4/اگست ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** **** *****

:::::: سرخیاں ::::::

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ مرکزی حکومت نے مغربی گھاٹ کو حساس علاقہ قرار دینے والے مسودے کا حکم نامہ کیا جاری۔

☆ دیگر ریاستوں کے آیورویدک گریجویٹس طلباء کو پوسٹ گریجویٹ کورسیس میں داخلہ دینے کا ریاستی حکومت کا فیصلہ۔

☆ مختلف پروگرامس کے انعقاد کے ذریعے منایا گیا اعضاء عطیہ کرنے کا قومی دن۔

☆ ناسک کے ناندور۔مدھیشور آبی منصوبے سے جائیکواڑی کے لئے اب تک 5 ہزار ملین مکعب میٹر پانی کی نکاسی۔

اور۔۔۔☆ پیرس اولمپک کھیلوں میں آج بیڈمنٹن کھلاڑی لکش سین کا سیمی فائنل میچ۔

***** **** *****

اب خبریں تفصیل سے:

مرکزی حکومت کی جانب سے ایک نئے مسودے کا حکم نامہ جاری کیا گیا ہے۔جس کے تحت 6 ریاستوں کے 56 ہزار 8 سو مربع کلومیٹر سے زائد علاقے کو ماحولیاتی طور پر حساس علاقہ قرار دیا گیا ہے۔جس میں مہاراشٹر بھی شامل ہے۔مہاراشٹر کے علاوہ گجرات، گوا، کرناٹک، کیرلہ اور تامل ناڈو بقیہ ریاستیں ہیں جو اس ماحولیاتی طور پر حساس علاقوں میں شامل ہے۔اس سلسلے میں حکومت نے عوام سے تجاویز اور اعتراضات طلب کئے ہیں۔شہریان انہیں esz.mef@nic.in اس ویب سائٹ پر درج کرواسکتے ہیں۔حکومت نے وضاحت کی ہے کہ اس حساس علاقے میں کھدائی، کان کنی اور بڑے پیمانے پر بنیادی ڈھانچے میں تبدیلی پر پابندی ہوگی۔

***** **** *****

سپریم کورٹ کی جانب سے قائم کی گئی لوک عدالت میں 1000 سے زائد معاملات کا تصفیہ کیا گیا ہے۔قانون وانصاف کے مرکزی وزیر ارجن رام میگھوال کے مطابق اس عدالت کے تحت دیوانی، زمین کے حصول اور شادیوں سے متعلق کئی معاملات طے کئے گئے۔سپریم کورٹ کی طرف سے اپنے 75 ویں یوم تاسیس کو منانے کے لئے شروع کئے گئے خصوصی لوک عدالت پروگرام کا کل آخری دن تھا۔

***** **** *****

وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے نے ریاستی کوٹے کے ذریعے پوسٹ گریجویٹ آیورویدک تعلیم کے لئے دیگر ریاستوں سے Becholar of Ayurdvedic Medicine (BAMS) کرنے والے طلباء کو داخلہ دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ فیصلہ کل ممبئی میں مہاراشٹرنونرمان سینا کے سربراہ راج ٹھاکرے کے ساتھ ملاقات میں کیا گیا۔اس موقع پر وزیراعلیٰ نے طبی تعلیم کے پرنسپل سیکریٹری دنیش واگھمارے کو ہدایت دی کہ وہ پوسٹ گریجویٹ داخلے کے قواعد میں ضروری تبدیلیاں کریں اور انہیں منظوری کے لئے پیش کریں۔ یہ طلباء اب ریاستی حکومت اور نجی امداد یافتہ کالجس میں 85 فیصد کوٹے اور غیر امداد یافتہ خانگی کالجس میں 70 فیصد کوٹے کے ذریعے داخلہ حاصل کرسکیں گے۔

***** ***** *****

ریاست کے تمام 419 سرکاری صنعتی تربیتی اداروں IITS سمیت 163 سرکاری Technical Colleges کے سنودھان مندروں کا آئندہ 15 راگست کو ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے افتتاح کیا جائے گا۔ ہنرمندی اور Interprenership کے وزیر منگل پربھات لوڈھا نے اسٹیٹ اسکیل یونیورسٹی میں منعقدہ صحافتی کانفرنس میں یہ اطلاع دی۔انہوں نے بتایا کہ طلبہ کو ان کے آئینی حقوق سے متعلق آگاہ کرنے کے لیے ورکشاپ، سیمینار اور مباحثوں کا انعقاد کیا جائے گا۔

***** ***** *****

طبی تعلیم و تحقیق کے محکمے اور آیوش کے ڈائریکٹریٹ کے ذریعے کل مختلف مقامات پر اعضاء عطیہ کرنے کا قومی دن منایا گیا۔ ممبئی میں قانون ساز اسمبلی کے اسپیکر راہل نارویکر کے ہاتھوں اعضاء عطیہ کرنے کی خاطر بیداری کے لئے پربھات پھیری کا آغاز کیا گیا۔اس موقع پر منعقدہ پروگرام میں محکمے کی جانب سے اعضاء عطیہ کرنے والوں کو اعضاء اعزاز سے نوازا گیا۔اس پروگرام میں نارویکر نے سبھی سے اعضاء عطیہ کرنے کی خاطر جاری مہم میں حصہ لینے کی اپیل کی۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کے سرکاری میڈیکل کالج اسپتال گھاٹی کی جانب سے پچھلے ایک مہینے سے میڈیکل کورس کے طلباء، اساتذہ اور غیر تدریسی عملے کے لیے تقریری، دیوار پر تصویر کشی اور رنگولی وغیرہ کے مقابلے منعقد کئے گئے۔ان سرگرمیوں کا کل بیداری کے لئے نکالے گئے جلوس کے ذریعے اختتام عمل میں آیا۔ضلع کے سرپرست وزیر عبدالستار اور گھاٹی کے ڈین شیواجی سوکرے کی موجودگی میں نکالا گیا بیداری جلوس شہر کے مختلف حصوں سے گزرکر دوبارہ گھاٹی اسپتال میں ختم ہوگیا۔اس موقع پر رابطہ وزیر عبدالستار نے اعضاء عطیہ کرنے کے تعلق سے عوام میں شعور پیدا کرنے کی ضرورت کا اظہار کیا۔

اسی طرح دھاراشیو کے سرکاری میڈیکل کالج میں اعضاء عطیہ کرنے کے قومی دن کے موقع پر کلکٹر سچن اومباسے کی موجودگی میں ایک خصوصی پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔اس پروگرام کے بعد اعضاء عطیہ کرنے کی خاطر عوام میں بیداری پیدا کرنے کے لیے جلوس نکالا گیا۔ اس دوران اسٹریٹ پلے، شاعری، نعرے بازی اور رنگولی بنانے جیسی سرگرمیوں کے ذریعے بیداری پیدا کی گئی اور اعضاء عطیہ کرنے کا حلف دلایا گیا۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

اعضاءعطیہ کرنے کے قومی دن پر کل ناندیڑ کے ڈاکٹر شنکرراء چوہان سرکاری میڈیکل کالج اسپتال کی جانب سے عوامی بیداری پیدا کرنے کی خاطر جلوس نکالا گیا۔اس جلوس میں ضلع کے کئی کالجس کے طلباء نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

***** ***** *****

ناسک ضلع میں شدید بارش کے سبب ناندور مدھیشور آبی منصوبے سے جائیکواڑی کے لئے 5 ہزار میلین مکعب میٹر پانی چھوڑا گیا ہے۔ضلع کے ناندور۔مدھیشور، درنا ڈیموں سے گوداوری ندی میں پانی چھوڑا جارہا ہے۔وہیں ناسک شہر کو پانی فراہم کرنے والا گنگاپور ڈیم 75 فیصد بھر چکا ہے۔چھترپتی سمبھاجی نگر شہر سمیت مضافات میں گذشتہ رات وقفے وقفے سے بارش ہوئی ہے۔دریں اثناء محکمے موسمیات نے ریاست میں آئندہ 3 دنوں تک موسلہ دھار بارش ہونے کا انتباہ دیا ہے۔ممبئی، تھانے، کونکن اور مغربی مہاراشٹر میں بارش میں اضافے کا امکان ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کے رابطہ وزیر عبدالستار نے کہا ہے کہ ضلع کے لئے منصوبہ بندی کے دوران تعلیم اور صحت کو ترجیح دیتے ہوئے تمام عناصر کو انصاف دلانے کی کوشش کی جائے گی۔وزیر موصوف کل ضلع منصوبہ بندی کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔اس موقع پر گذشتہ برس کی مالیاتی رپورٹ پیش کی گئی اور سال 25-2024 کے لیے 773 کروڑ 90 لاکھ روپیوں کے اخراجات کو منظوری دی گئی۔ساتھ ہی گذشتہ برس خرچ کئے گئے 672 کروڑ 11 لاکھ 37 ہزار روپیوں کی منظوری بھی دی گئی۔

اسی دوران ضلع کے رابطہ وزیر عبدالستار نے کل سلوڑ۔سوئیگاؤں تعلقے میں پانی کے تحفظ کے منصوبوں کا جائزہ لیا۔اس موقع پر انہوں نے آبی وسائل کے محکمے کو ہدایت دی کہ وہ گھاٹ ناندرہ ڈیم پر منصوبے کی تعمیر نو کے لیے پلان تیار کرے اور منظوری لے کر پانی کی بچت کا کام مکمل کرے۔

***** ***** *****

کل پربھنی میں رابطہ وزیر سنجے بنسوڑے کی زیر صدارت منعقدہ میٹنگ میں ضلع کی سالانہ منصوبہ بندی کے تحت شہریان کے لئے 345 کروڑ روپیوں کے ترقیاتی کاموں کو منظوری دی گئی۔اس موقع پر رابطہ وزیر بنسوڑے نے ضلع کی مقامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے عوامی نمائندوں کے ساتھ مل کر ترقیاتی کاموں کی تجاویز تیار کرنے کی افسران کو ہدایت دی۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میں کل کورونا کے 5 نئے مریض پائے گئے۔ان میں ایک مرد اور 4 خواتین شامل ہیں۔اس وقت شہر میں کووڈ کے کل 16 مریض ہیں۔میونسپل کارپوریشن نے اپیل کی ہے کہ بزرگ شہریان، بلڈ پریشر اور شکر کی بیماری کے مریض پرہجوم مقامات پر جانے سے گریز کریں۔

***** ***** *****

برہمن سماج سنگھرش کمیٹی کے چیف کوآرڈینیٹر دیپک رن پورے نے انتباہ دیا ہے کہ ریاستی حکومت براہمن برادری کے مطالبات کو جلد از جلد قبول کرے ورنہ وہ آئندہ 15 اگست سے قدیم جالنہ کے گاندھی چمن میں بھوک ہڑتال شروع کردیں گے۔ چھترپتی سمبھاجی نگر میں کمیٹی کی ریاست گیر میٹنگ کے بعد وہ صحافتی کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے

***** ***** *****

پیرس اولمپک میں آج مردوں کے سنگلز سیمی فائنل میں لکشیہ سین کا مقابلہ ڈنمارک کے وکٹر ایکسلنس سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق سہ پہر 3:30 بجے شروع ہوگا۔ وہیں بھارتی ہاکی ٹیم آج کوارٹر فائنل میں برطانیہ کے خلاف کھیلے گی۔ دریں اثناء بھارت کی نشانے باز منو بھاکر کو کل 25 میٹر پستول ریپڈ ایونٹ کے فائنل میں چوتھے مقام پر اکتفا کرنا پڑا۔ منو بھاکر اب تک نشانے بازی کے مقابلوں میں دو کانسے کے تمغے جیت چکی ہیں۔ وہیں بھارت کی دیپیکا کماری کو تیر اندازی کے کوارٹر فائنل میں شکست کا سامنا کرنا پڑا۔

***** ***** *****

بھارت اور سری لنکا کے درمیان جاری تین یک روزہ میچوں کی سیریز کا دوسرا میچ آج کھیلا جائے گا۔ یہ مقابلہ بھارتی وقت کے مطابق کولمبو میں دوپہر ڈھائی بجے شروع ہوگا۔ سیریز کا پہلا مقابلہ پرسوں ڈراء ہو گیا تھا۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:

☆ مرکزی حکومت نے مغربی گھاٹ کو حساس علاقہ قرار دینے والے مسودے کا حکم نامہ کیا جاری۔

☆ دیگر ریاستوں کے آیورویدک گریجویٹس طلباء کو پوسٹ گریجویٹ کورسیس میں داخلہ دینے کا ریاستی حکومت کا فیصلہ۔

☆ مختلف پروگرامس کے انعقاد کے ذریعے منایا گیا اعضاء عطیہ کرنے کا قومی دن۔

☆ ناسک کے ناندور۔ مدھیشور آبی منصوبے سے جائیکواڑی کے لئے اب تک 5 ہزار میلین مکعب میٹر پانی کی نکاسی۔

اور۔۔۔☆ پیرس اولمپک کھیلوں میں آج بیڈمنٹن کھلاڑی لکش سین کا سیمی فائنل میچ۔

***** ***** *****

اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****